# ماڈل پیپر "تجارتی جغرافیہ"

## برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I (جماعت نہم)

### حصہ معروضی

کل نمبر: 15

وقت: 20 منٹ

سوال نمبر 1۔ تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔ 15

(i) تجارت یا اشیاء کا لین دین انسانی معاشرے کی:

(الف) اہم ترین ضرورت و مصروفیت ہے (ب) اہم ترین ضرورت و مصروفیت نہیں ہے

(ج) کوئی خاص ضرورت نہیں ہے (د) موجودہ دور کی ضرورت نہیں ہے

(ii) شہری آبادیوں کے لئے اشیائے ضرورت کی بہم رسانی کا:

(الف) اہم ترین ذریعہ تجارت ہے (ب) اہم ترین ذریعہ تجارت نہیں ہے

(ج) اہم ترین ذریعہ ہوائی سروس ہے (د) ذریعہ صرف ریلوے سروس ہے

(iii) قوموں کے درمیان سیاسی تعلقات ان کی باہمی:

(الف) تجارت پر اثر انداز ہوتے ہیں (ب) تجارت پر اثر انداز نہیں ہوتے

(ج) تجارت پر کسی صورت اثر انداز نہیں ہوتے (د) تجارت پر اثر انداز ہو سکتے ہیں

(iv) ہر علاقے میں انسانی مشاغل بڑی حد تک جغرافیائی ماحول سے:

(الف) ہم آہنگ ہوتے ہیں (ب) ہم آہنگ نہیں ہوتے

(ج) کسی حد تک ہم آہنگ ہو سکتے ہیں (د) بالکل آہنگ نہیں ہوتے

(v) خطوط طول بلد و عرض بلد کرہ ارض پر:

(الف) کسی جگہ کی نشاندہی کرتے ہیں (ب) کسی جگہ کی نشاندہی نہیں کرتے

(ج) تجارتی سرگرمی کی نشاندہی کرتے ہیں (د) زرعی سرگرمی کی نشاندہی کرتے ہیں

(vi) بحیرہ قلزم اور بحیرہ روم کو ملانے کے لئے:

(الف) نہر سویز تعمیر کی گئی (ب) نہر پانامہ تعمیر کی گئی (ج) نہر اپر باری تعمیر کی گئی (د) نہر لوئر جہلم تعمیر کی گئی

(vii) پاکستان کا معیاری وقت کراچی کے طول بلد:

(الف) $67^{0}1/2$ مشرقی سے متعین ہوتا ہے (ب) $70^{0}.0$ مغربی سے متعین ہوتا ہے

(ج) $167^{0}.0$ مشرقی سے متعین ہوتا ہے (د) $170^{0}.0$ مغربی سے متعین ہوتا ہے

(viii) چترال تک پہنچنے کو واحد راستہ:

(الف) درہ لواری ہے (ب) درہ بولان ہے (ج) درہ خنجراب ہے (د) درہ بابوسر ہے

(ix) غذائی فصلوں میں سب سے زیادہ اہمیت:

(الف) گندم کو حاصل ہے (ب) چاول کو حاصل ہے (ج) مکئی کو حاصل ہے (د) باجرے کو حاصل ہے

(x) پاکستان میں قابل کاشت رقبہ:

(الف) 75 ملین ایکڑ ہے (ب) 200 ملین ایکڑ ہے (ج) 50 ملین ایکڑ ہے (د) 25 ملین ایکڑ ہے

(xi) پاکستان کے 100 سینٹی میٹر سالانہ بارش والے پہاڑی علاقوں میں:

(الف) نوکیلے پتوں والے جنگلات پائے جاتے ہیں (ب) سخت لکڑی والے جنگلات پائے جاتے ہیں

(ج) پت جھڑ جنگلات پائے جاتے ہیں (د) سدا بہار سخت لکڑی کے جنگلات پائے جاتے ہیں

(xii) پاکستان میں زیر کاشت رقبہ کا بیشتر حصہ:

(الف) صوبہ پنجاب میں ہے (ب) صوبہ سرحد میں ہے (ج) صوبہ سندھ میں ہے (د) صوبہ بلوچستان میں ہے

(xiii) بلوچستان میں قابل کاشت زمین کی کمیابی کا سبب:

(الف) پانی کی قلت ہے (ب) وسائل کی کمی ہے (ج) منصوبہ بندی کا فقدان ہے (د) زمین کی کم زرخیزی ہے

(xiv) پاکستان گندم کے زیر کاشت رقبے کے لحاظ سے دنیا میں:

(الف) آٹھویں نمبر پر ہے (ب) بیسویں نمبر پر ہے (ج) پہلے نمبر پر ہے (د) آخری نمبر پر ہے

(xv) پاکستان کی سب سے اہم برآمدی جنس:

(الف) کپاس ہے (ب) مکئی ہے (ج) چاول ہے (د) پٹ سن ہے

# ماڈل پیپر "تجارتی جغرافیہ"

## برائے سیکنڈری سکول امتحان پارٹ۔I ( جماعت نہم)

### حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے — کل نمبر: 60

نوٹ: سوال نمبر 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 18 (اٹھارہ) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔ 18x2=36

### حصہ اول

**سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

- i۔ تجارتی جغرافیہ کی تعریف کریں۔
- ii۔ کامرس کی تعریف کریں۔
- iii۔ تجارتی جغرافیہ کی ابتدا کیسے ہوئی۔
- iv۔ تجارتی جغرافیہ کی وسعت کے اہم نکات کے نام لکھیں۔
- v۔ محل وقوع سے کیا مراد ہے۔
- vi۔ کاروبار سے کیا مراد ہے؟
- vii۔ تجارت سے کیا مراد ہے؟
- viii۔ ماحول سے کیا مراد ہے انسان کی معاشی سرگرمیوں پر اثر انداز ہونے والے کم از کم چار جغرافیائی عوامل تحریر کریں۔
- ix۔ آب و ہوا کسے کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 3۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

- i۔ پاکستان میں جنگلات کی چار اقسام اور ان کا محل وقوع لکھیے۔
- ii۔ گندم کی پیداوار کے لئے چار موزوں جغرافیائی حالات لکھیے۔
- iii۔ پاکستان کی آبادی کی چار خصوصیات تحریر کریں۔
- iv۔ پاکستان میں کپاس کی کاشت کے پانچ علاقوں کے نام لکھیں۔
- v۔ جنگلات سے حاصل ہونے والے کوئی پانچ فوائد تحریر کریں۔
- vi۔ ماہی گیری کی صنعت کی ترقی کے لئے حکومت پاکستان کے چار اقدامات تحریر کریں۔
- vii۔ مٹی کی تعریف کیجئے اور اسکی تین اقسام کے نام تحریر کریں۔
- viii۔ زمین کی زرخیزی میں اضافہ کے لئے تین تجاویز بیان کریں۔
- ix۔ پاکستان کی تین غذائی فصلوں اور تین نقد آور فصلوں کے نام تحریر کریں۔

**سوال نمبر 4۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

- i۔ برآمدات سے کیا مراد ہے۔ پاکستان کی اہم برآمدات کے نام تحریر کریں۔
- ii۔ درآمدات سے کیا مراد ہے۔ پاکستان کی اہم درآمدات کے نام تحریر کریں۔
- iii۔ صنعتی بنکوں کے اہم فرائض بیان کیجئے۔
- iv۔ توازن تجارت سے کیا مراد ہے۔
- v۔ بنکوں کی اقسام کے نام تحریر کیجئے۔

vi۔ مرکزی بنک کی تعریف بیان کریں۔

vii۔ زرعی ترقیاتی بنک کے اہم فرائض کے نام تحریر کریں۔

viii۔ زرعی تجارتی سرگرمیوں کے مسائل بیان کریں۔

ix۔ پاکستان میں ماہی گیری کے شعبہ کی اہمیت کے اہم نکات بیان کریں۔

## حصہ دوم

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3=24

سوال نمبر 5- تجارتی جغرافیہ کی وسعت اور اہمیت بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 6 - تجارت اور کاروبار کے مقاصد اور معاونین تجارت کی وضاحت کریں۔ 8

سوال نمبر 7- پاکستان میں زرعی شعبہ کی پسماندگی کے اسباب بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 8- پاکستان میں گنے کی کاشت کون سے علاقوں میں کی جاتی ہے۔ وجوہات بیان کریں۔ 8

سوال نمبر 9- تجارتی بنکوں کے فرائض بیان کیجئے اور ملکی معیشت میں ان کا کردار بیان کریں۔ 8